دفتر افسر اعلیٰ تعلقات عامہ

جامعہ ملیہ اسلامیہ

پریس ریلیز

## اہم کمپنیوں میں جامعہ ملیہ اسلامیہ کے طلبہ کو بہترین ملازمتیں

New Delhi, May 28, 2025

جامعہ ملیہ اسلامیہ کے پلیسمنٹ سیل کو بتاتے ہوئے فخر کا احساس ہورہا ہے کہ جامعہ کے مختلف شعبوں میں زیر تعلیم طلبہ کو اہم ملازمتیں ملی ہیں۔ جامعہ کے مختلف پروگراموں کے طلبہ اہم کمپنیوں میں ملازمتیں حاصل کرنے میں کامیاب ہوئے ہیں جو وہاں دی جارہی بہترین اور معیاری تعلیم وتربیت کو اجاگر کرتا ہے۔

چند نمایاں کامیابیوں میں بی۔ٹیک کمپیوٹر انجینئرنگ کے طالب علم کا انجینئرز انڈیا لمٹیڈ (ای آئی ایل) میں سالانہ بیس اعشاریہ تین ایک کا شاندار پیکیج، ماس کمیونی کیشن کے دو طالب علم جنھیں کو کوایف ایم نے بارہ لاکھ سالانہ کا پیکیج دیا ہے اور بی۔آرک پروگرام کے طالب علم جسے گریجویٹ آرکی ٹیکٹ ٹرینی کے طور پر اسٹونیکس انڈیا سے منتخب کیا ہے اسے دیے جانے والے سالانہ آٹھ اعشاریہ چار پانچ کے پیکیج شامل ہیں۔ان کے علاوہ ایم ایس سی بایوسائنس کے دو طلبہ کو آکاش انسٹی ٹیوٹ نے بطور اسسٹنٹ لیکچرر سات اعشاریہ دو پانچ کے سالانہ پیکیج پر ملازمت دی ہے اور ایم۔ٹیک پروگرام کی مختلف شاخوں سے آٹھ طلبہ کو سالانہ چھ لاکھ کے پیکیج پر ایس ٹم نے منتخب کیا ہے۔پلیسمنٹ کے اس مرحلے میں ایم۔ٹیک الیکٹرانکس اینڈ کمیونی کیشن انجینئرنگ اینڈ ایم۔ٹیک۔الیکٹریکل انجینئرنگ اور ایم۔ٹیک میکانیکل کے چار طلبہ بھی شامل ہیں۔

قابل ذکر ہے کہ گزشتہ ماہ ایم بی اے کے تین طلبہ کو مدرڈیری نے چھ لاکھ کے سالانہ پیکیج پر ملازمت دی تھی اور ایم۔بی۔اے بیچ دوہزار چوبیس کے ایک طالب علم کو مائی بھارت، منسٹری آف یوتھ افیئرز اینڈ اسپورٹس نے بطور مینجمنٹ ٹرینی سات اعشاریہ آٹھ لاکھ سالانہ پر منتخب کیا تھا۔علاوہ ازیں، الٹراٹیک سیمنٹ نے بی۔ٹیک سول کے تین طلبہ اور ایم۔ٹیک سول کے تین منتخب کیا تھا اور بی ٹیک سول انجینئرنگ کے چار طلبہ کو ہگر اسٹون میں ملازمت حاصل کی تھی۔

طلبہ نے سرکردہ کمپنیوں میں بہترین پیکیج کے ساتھ ملازمتیں حاصل کی ہیں یہ سب عزت مآب شیخ الجامعہ، پروفیسر مظہر آصف اور پروفیسر محمد مہتاب عالم رضوی، مسجل، جامعہ ملیہ اسلامیہ کی سرگرم قیادت میں ممکن ہوسکا ہے۔

پروفیسر راحیلہ فاروقی، اعزازی ڈائریکٹر اور پروفیسر صباح خان اور پروفیسر ریحان خان سوری (ٹی پی او) اور ڈائریکٹر سی

آئی ای نے طلبہ کو ان کی نمایاں حصولیابی پر مبارک باد دی اور مستقبل کے لیے نیک خواہشات کا اظہار کیا۔

**پروفیسر صائمہ سعید**
افسر اعلی، تعلقات عامہ
جامعہ ملیہ اسلامیہ